© rasailojaraid.com

[25/ جنوری 2006ء بروز بدھ اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ کی طرف سے جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی میں تمام مکاتب فکر کے نمائندہ علماء کرام، مشائخ عظام، زعمائے ملت کی طرف سے منعقدہ کنونشن میں منظور شدہ، پیش کردہ قراردادیں]

❶ ...... اتحاد تنظیماتِ مدارس دینیہ کا یہ نمائندہ اجتماع نظریۂ اسلام، قرارداد مقاصد اور آئین پاکستان کی دیگر اسلامی دفعات کے خلاف موجودہ حکومت کی ظالمانہ، منافقانہ پالیسیوں اور آئین شکنی کے اقدامات کی شدید مذمت، دینی مدارس کے طلباء کے راستوں میں مسلسل رکاوٹیں پیش کرنے، غیر ملکی طلباء کو تعلیم کی تکمیل کے بغیر ظالمانہ انداز میں ملک سے نکالنے کو انسانی حقوق کی شدید خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے ان اقدامات کو واپس لینے اور غیر ملکی طلبہ کے ظالمانہ فیصلے پر متاثرہ طلبا اور ان کے والدین سے معذرت کرنے کا حکومت سے مطالبہ کرتا ہے۔

❷ ...... یہ اجتماع یہود، نصاریٰ، آغاخانیوں اور قادیانیوں اور دیگر غیر ملکی سیکولر طاقتوں اور لابیوں کی ایما پر پاکستان کے اسلامی تشخص کو ختم کرنے، حکومتی سرپرستی میں بے حیائی و فحاشی کو رواج دینے کی مذمت، نیز مخلوط میراتھن ریس سمیت تمام مخلوط پروگراموں پر پابندی لگانے۔ عصری اور سرکاری تعلیمی اداروں کے لیے اسلامی نظام تعلیم کے نفاذ طلباء و طالبات کے لیے اسلامی قدروں سے ہم آہنگ یونیفارم مقرر کرنے کا مطالبہ نیز نصاب تعلیم سے نماز کا طریقہ خارج کرنے، اسلامیات کے مضمون کو مختصر یا ختم کرنے، مطالعہ پاکستان سے مسلم مشاہیر کے کارناموں کو ختم کرنے کی پالیسیوں پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے موجودہ وزیر داخلہ اور وزیر تعلیم کی اسلام دشمن سرگرمیوں کی بنا پر فوری برطرف کرنے کا مطالبہ کرتا ہے۔

❸ ...... یہ عظیم الشان اجتماع 8 اکتوبر کو شدید زلزلہ میں جاں بحق ہونے والے مسلمانوں کے لیے دعاء مغفرت اور متاثرین سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے اس موقع پر اہل پاکستان اور عالم اسلام کی طرف سے اپنے مسلمان بھائیوں کے ساتھ تعاون اور بے مثال ہمدردی پر اطمینان کا ظہار کرتے ہوئے متاثرہ علاقوں میں صدر پاکستان کی طرف سے دینی مدارس و مساجد کے قیام کے امکانات پر تشویش پر سخت حیرت اور اضطراب کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان کے غیور مسلمانوں سے متاثرہ علاقوں میں مساجد و مدارس کو دوبارہ بحال اور آباد کرنے میں مؤثر اور مربوط معاونت کی اپیل کرتا ہے۔ نیز یہ اجتماع متاثرہ علاقوں سے غیر ملکی فوجوں کی واپسی، غیر مسلم این جی اوز کی اسلام دشمن سرگرمیوں پر گہری تشویش کا اظہار اور دینی جماعتوں اور اداروں کے مؤثر کردار پر دلی اطمینان کا اظہار کرتا ہے۔

❹ ...... یہ عظیم الشان اجتماع پاکستان کی حدود میں آئے روز امریکی مداخلت کو ننگی جارحیت قرار دیتے ہوئے حکومت پاکستان کے معذرت خواہانہ انداز پر گہرے اضطراب کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان کے اندرونی معاملات میں امریکا کی مسلسل مداخلت اور باجوڑ میں حالیہ انسان کش جارحیت کی شدید مذمت کرتا ہے۔ نیز اس جارحیت کا شکار ہونے والے بے گناہ اور معصوم بھائیوں سے ہمدردی کا اظہار اور شہید ہونے والے افراد کی بلندی درجات کی دعاء کرتا ہے اور حکومت پاکستان سے ایسے اقدامات کی بناء پر تعلقات میں نظر ثانی کا مطالبہ کرتا ہے، امریکا سے سفارتی تعلقات منقطع کرنے، امریکا سے سفیر کو واپس بلانے اور امریکی سفیر کو ناپسندیدہ قرار دے کر ملک بدر کرنے کا مطالبہ کرتا ہے۔ نیز یہ اجتماع گزشتہ کچھ سالوں سے ملکی اور غیر ملکی ایجنسیوں کے ہاتھوں شہید کیے جانے والے علماء کرام مشائخ عظام کے قاتلوں کو سزا نہ دینے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے علماء کے قاتلوں کو فوری سزا دینے کا مطالبہ کرتا ہے۔ اور علماء کرام کے تحفظ کو یقینی بنانے کا مطالبہ مختلف علاقوں میں علماء کرام کے خلاف ناروا پابندیوں بے بنیاد مقدمات اور بلاجواز گرفتاریوں پر گہری تشویش کا اظہار، مدارس و مساجد میں پولیس کی طرف سے علماء کرام وائمہ عظام کو دھمکانے، طالبات کے مدارس میں چادر اور چار دیواری کے تقدس کو پائمال کرنے کی شدید مذمت کرتے ہوئے گرفتار علماء کرام کی فوری رہائی اور ان کے خلاف قائم تمام مقدمات کو واپس لینے کا مطالبہ کرتا ہے۔

❺ ...... یہ عظیم الشان کنونشن (اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ) کی طرف سے دینی مدارس کے تحفظ کی جدوجہد پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اسلامی قدروں کی حفاظت اور دینی مدارس کے تحفظ کے لیے تمام صوبوں اور شہروں میں منعقد ہونے والے کنونشنز نیز آخر میں اسلام آباد میں لاکھوں کے اجتماع کے انعقاد کی تائید کرتے ہوئے مکمل تعاون اور ہر طرح کی قربانی دینے کے عزم کا اعلان کرتا ہے۔

© rasailojaraid.com